# Directorate of Administration
# University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk


No: _____________/DA/FMMC

Date: _____/_07_/2023

## کرایہ داری برائے کینٹین / دکان

## سربمہر پیشکشوں کی طلبی

## جامعہ پشاور

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع مختلف کینٹین عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 19.07.2023 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش مورخہ 20.07.2023 کو دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہوگا۔

شرائط وضوابط اور کینٹین کے بارے میں مزید تفصیل جامعہ پشاور کے ویب سائٹ www.uop.edu.pk یا ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس، نزد کافی شاپ بازار یونیورسٹی کیمپس پشاور سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

کنوینئر

فوڈ اینڈ مارکیٹ منیجمنٹ کمیٹی، جامعہ پشاور

Directorate of Administration
University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk

No: ______________/DA/FMMC

Date: _____/_07_/2023

## شرائط وضوابط برائے کینٹین / دکان کرایہ داری

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع مختلف کینٹین عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 19.07.2023 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | لوکیشن بمعہ قسم | رقبہ (sq.ft) | کم سے کم بولی |
|---|---|---|---|
| .1 | ایس ٹی سی کینٹین نمبر 1 | 3663.45 | 92000روپے |
| .2 | ایس ٹی سی کینٹین نمبر ۲ (برائے فاسٹ فوڈ) | 819.25 | 21000روپے |
| .3 | اردو ڈیپارٹمنٹ کینٹین | 1151.65 | 29000روپے |

1. خواہشمند پارٹیاں ایک یا زائد یا تمام سائٹس کے لیے سربمہر پیشکش جمع کرا سکتی ہیں۔ تاہم ہر سائٹ کے لیے علیحدہ فارم بمعہ پروسسنگ فیس ناقابل واپسی اور زرضمانت جمع کرانا ہو گی۔
2. اگر بولی دہندہ فنانشل پیشکش کی شرائط وضوابط پر پورا اترنے میں ناکام رہا تو بڈ سیکورٹی / زرضمانت ضبط کرلی جائے گی۔
3. جمع کرائی گئیں پیشکش / بڈز مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے مشروط ہوں گی۔
4. ہر سائٹ کے لیے ہر لحاظ سے مکمل اور سربمہر الگ فارم (سائٹ کا نام لفافے کے اوپری بائیں کونے پر واضح تحریر کر کے) ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس نزد کافی شاپ بازار جامعہ پشاور کیمپس کو جمع کرانا ہو گی۔ بولی دہندگان کو مطلوبہ دستاویزات بمع قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفیکیٹ کے جمع کرانا ہوں گی۔
5. خواہشمند افراد/فرم مندرجہ ذیل کاغذات / دستاویزات سربمہر لفافے میں جمع کروائے گا۔ مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے والی پارٹی کی آفر مسترد کر دی جائے گی۔
6. مطلوبہ میدان میں پانچ سالہ تجربہ کا سرٹیفیکیٹ فراہم کرنا ہو گا۔ تجربے کی تصدیقی سند جس ادارے میں خدمات فراہم کی ہوں اس ادارے کے مجاز افسر کی طرف سے جاری کردہ ہو گا۔ اگر عوامی جگہ پر خدمات فراہم کی ہوں تو مطلوبہ علاقے کے چیئرمین لوکل کونسل سے تصدیقی سند لینا ہو گا۔ تصدیقی سند

میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ درخواست کنندہ نے مطلوبہ خدمات احسن طریقے سے سرانجام دی ہیں۔ مستند تعلیمی اداروں میں مطلوبہ خدمات فراہم کرنے والے تجربہ کار افراد کو پہلی ترجیح دی جائے گی۔

7. درخواست گزار اس بات کی بیان حلفی جمع کروائے گا کہ اس کو کسی بھی سرکاری ادارے کی طرف سے بلیک لسٹ نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی وہ جامعہ پشاور کے ساتھ کسی قسم کے تنازعے میں ملوث ہے۔ مزید یہ کہ اگر وہ جامعہ پشاور کیمپس میں کاروبار کر رہا ہے تو اس کے خلاف کسی قسم کے بقایاجات نہیں ہیں۔

8. درخواست گزار اپنے متعلقہ تھانے سے نیک چال چلن کی تصدیقی سند جمع کروائے گا۔

9. سربمہر پیشکش کیلئے رجسٹریشن فارم ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن سے مبلغ دو ہزار روپے بطور پروسسنگ فیس نیشنل بینک یونیورسٹی کیمپس برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 3-6290 میں ادائیگی پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ بینک رسید رجسٹریشن فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔

10. ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش بمعہ دو لاکھ روپے زرضمانت (قابل واپسی) بشکل پے آرڈر/بینک ڈرافٹ بنام ٹریژرر جامعہ پشاور مورخہ 20.07.2023 کو دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہوگا۔ سربمہر پیشکشیں/بڈز کھولنے کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا نامکمل فارم یا آخری تاریخ کے بعد جمع ہونے والی فارم/پیشکش قابل قبول نہ ہو گی۔

11. ناکام امیدوار کو زرضمانت نیلام کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ زیادہ پیشکش سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زرضمانت بحق جامعہ پشاور ضبط ہوگا اور دوسرے نمبر پر پیشکش کرنے والے کی بولی منظوری کے لئے بھیج دی جائے گی۔ دوسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کی زرضمانت کامیاب امیدوار کے ساتھ معاہدہ ہونے تک واپس نہیں کی جائے گی۔

12. کامیاب بولی دہندہ 6 ماہ کا کرایہ بطور زرضمانت جمع کروانے کا پابند ہو گا جس کے بعد مفصل معاہدہ ہوگا۔ ماہانہ کرایہ میں سالانہ 10 فیصد اضافہ ہو گا۔

اہم نوٹ:

کامیاب بولی دہندہ کینٹین میں فوڈ کمیٹی کے منظور شدہ ریٹ وصول کرنے کا پابند ہوگا۔ بولی دیتے وقت اس بات کا بھی خیال رکھنا ہوگا کہ جامعہ پشاور میں کینٹین و تندور کنٹریکٹر نے جامعہ پشاور کے منظور کردہ Subsidized Rates وصول کرنے کا پابند ہو گا۔

کنوینئر

فوڈ اینڈ مارکیٹ منیجمنٹ کمیٹی، جامعہ پشاور

**Directorate of Administration**
**University of Peshawar**

**Telephone No. +92-91-9222208**
**+92-91-9222279**
**Ext: 3019, 3150**
**Email: administration@uop.edu.pk**

**No: ______________/DA/FMMC**

**Date: _____/_07_/2023**

# رجسٹریشن فارم

1. نام: ________________________________________

2. ولدیت: ________________________________________

3. شناختی کارڈ نمبر: ________________________________________

4. پتہ برائے خط و کتابت: ________________________________________
_______

5. فون نمبر: ________________________________________
_______

6. درخواست برائے: ________________________________________

7. کال ڈپازٹ نمبر: ____________________

8. ماہانہ کرایہ کی پیشکش: ____________________

فارم کے ساتھ منسلک شرائط مجھے منظور ہیں۔

دستخط: ____________________